OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Help Center

# OATH میں گاڑی کی ضبطی ("Krimstock") کے مقدمات

## بنیادی اصول

کسی مبینہ جرم کے سلسلے میں NYPD کے ذریعہ کسی گاڑی کو ضبط کرنے یا قبضے میں لینے کے بعد، گاڑی کا رجسٹرڈ مالک، یا گاڑی کو ضبط کیے جانے کے وقت اسے چلانے والا شخص OATH سے گاڑی کو واپس لوٹانے کی درخواست کر سکتا ہے۔ .
اس بات کا فیصلہ کرنے کے لیے کہ آیا گاڑی کو واپس لوٹایا جاسکتا ہے یا نہیں؛ OATH کے ٹرائلز ڈویژن میں معاملے کی سماعت ہوتی ہے اور اسے "Krimstock" کی سماعت کہا جاتا ہے۔

**نوٹ:** گاڑی کی واپسی کی درخواست کرنے والا شخص یا تو ***لازمی طور پر*** گاڑی کا رجسٹرڈ یا ٹائٹلڈ مالک ہونا چاہیے، ***یا*** وہ شخص ہونا چاہیے جو گاڑی کو اس وقت چلا رہا تھا جب اسے ضبط کیا گیا تھا۔ ان لوگوں میں سے صرف کوئی ایک ہی شخص OATH میں سماعت کے لیے درخواست دائر کر سکتا ہے، اور مالک کو ترجیح دی جاتی ہے۔

**نوٹ:** NYPD گاڑی کے مالک کے خلاف نیویارک اسٹیٹ کورٹ (OATH سے ہٹ کر و علیحدہ) میں گاڑی کو مستقل طور پر ضبط رکھنے کے لیے مقدمہ دائر کر سکتا ہے، حتی کہ اگر گاڑی OATH میں "Krimstock" کی سماعت کے بعد عارضی طور پر واپس کر دی جائے۔ اسے مستقل ضبطی کی کارروائی (forfeiture proceeding) کہا جاتا ہے۔

## حق سماعت کا نوٹس

NYPD پر **گرفتاری کے وقت** ڈرائیور کو اس حق کے نوٹس کے بارے میں مطلع کرنا **لازمی** ہے کہ وہ گاڑی کی واپسی کے لیے OATH میں سماعت حاصل کر سکتا ہے (یہ نوٹس ویہیکل سیزر فارم میں شامل ہوتا ہے)۔ NYPD کو گاڑی کی ضبطی کے پانچ کاروباری دنوں کے اندر اندر رجسٹرڈ یا ٹائٹلڈ مالک کو بھی یہی نوٹس فراہم کرنا ***لازمی ہے***۔ اگر NYPD یہ ثابت کرنے میں ناکام رہے کہ اس نے ڈرائیور یا مالک کو یہ نوٹس فراہم کیا تھا، تو یہ ایک دفاع بن سکتا ہے اور اسی بنیاد پر گاڑی واپس کرنے کا حکم دیا جا سکتا ہے۔

## سماعت کا شیڈیول

NYPD کو *سماعت کے لیے درخواست موصول ہونے کے* 10 کاروباری دنوں کے اندر OATH میں سماعت کا وقت طے کرنا **چاہیے**۔ درخواست جواب دہندہ کی طرف سے ویہیکل سیزر فارم کے نچلے حصے کو پُر کر کے دی جا سکتی ہے۔
نوٹ: گرفتار شخص یا گاڑی کا مالک ڈسٹرکٹ اٹارنی آفس سے تحریری بیان کا مطالبہ بھی کر سکتا ہے جس میں یہ وضاحت کی جائے کہ گاڑی کو اپنے قبضے میں رکھنا کیوں ضروری ہے۔ ڈسٹرکٹ اٹارنی کیلئے اس طرح کے مطالبے کے موصول ہونے کے سات (7) دن کے اندر تحریری جواب جاری کرنا لازمی ہے اور انہی سات دنوں کے اندر نیو یارک اسٹیٹ سپریم کورٹ سے ایک "ریٹینشن آرڈر" (عدالتی فیصلہ جس کے تحت NYPD کو گاڑی اپنے قبضے میں رکھنے کی اجازت ملتی ہے) حاصل کرنا بھی ضروری ہے۔

## گاڑی واپس کرنے سے انکار کرنے کے لیے NYPD کو OATH کے سامنے "Krimstock" کی سماعت میں کیا ثابت کرنا لازمی ہے

1) گرفتاری کی "ممکنہ وجہ" (معقول بنیاد کی مانند) موجود تھی۔
2) یہ "امکان" ہو کہ NYPD گاڑی کو ضبط رکھنے کے مقدمے میں جیت جائے گا۔
3) گاڑی کو اپنے قبضے میں رکھنا اس صورت میں ضروری سمجھا جاتا ہے جب اسے واپس کرنے سے گاڑی کے ضائع ہونے، فروخت ہو جانے، تباہ ہونے *یا* عوامی سلامتی کے لیے خطرہ پیدا ہونے کا خدشہ ہو۔

**نوٹ:** گاڑی کو واپس لوٹانے سے انکار کرنے کے لیے، NYPD کو *ان تمام 3 چیزوں کو OATH کے سامنے "Krimstock" کی سماعت میں* ثابت کرنا **ہوگا**۔

**نوٹ:** "ممکنہ وجہ" خودکار طور پر موجود ہوتی ہے اگر فوجداری عدالت میں الزامات کے لیے قصوروار ہونے کی درخواست کی گئی ہو۔

## ممکنہ دفاع

**"Innocent Owner"** - کوئی *مالک* گاڑی کی واپسی کی درخواست کر سکتا ہے *اگر* گرفتاری اور ضبطی کے وقت وہ گاڑی نہیں چلا رہا تھا اور *اگر* اس نے گاڑی کو کسی جرم کے ارتکاب کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی تھی۔

**نوٹ:** NYPD یہ ثابت کرنے کی کوشش کر سکتا ہے کہ گرفتار ہونے والا ڈرائیور، نہ کہ رجسٹرڈ یا ٹائٹلڈ مالک، دراصل گاڑی کا حقیقی مالک ہے۔

**"Innocent Co-Owner"** - گاڑی کے *شریک مالکان* کو بھی OATH کی ضبطی کی سماعت میں سنے جانے کا حق حاصل ہے اور وہ گاڑی کی واپسی کی درخواست کر سکتے ہیں *اگر* شریک مالک یہ ثابت کر سکے کہ اس نے ڈرائیور کو گاڑی کو جرم کے ارتکاب کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی تھی۔

**نوٹ:** یہ ممکنہ دفاع کی صرف دو مثالیں ہیں۔ اگر آپ کے پاس دیگر دفاعی دلائل موجود ہوں، مثلاً NYPD کی طرف سے مذکورہ قانونی تقاضوں میں سے کسی کی عدم پیروی، تو آپ ان امور پر اپنی "Krimstock" OATH سماعت کے دوران OATH جج سے گفتگو کر سکتے ہیں۔

**کسی شخص سے OATH ہیلپ سینٹر میں ملاقات کا وقت مقرر کرنے کے لیے براہ کرم اپنی طے شدہ OATH پیشی سے پہلے ہمیں آن لائن کانٹیکٹ فارم کے ذریعے بذریعہ ای میل رابطہ کریں یا بذریعہ ٹیلی فون 0845-436 (212) پر کال کریں۔**